نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediareearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب ایس ایم تنویر کی رائس ریسرچ انسٹیٹیوٹ کالا شاہ کاکو کی سو سالہ تقریبات میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت

کاشتکار ربیع سیزن کے دوران گندم کی فصل زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کریں۔وزیر زراعت، صنعت وتوانائی پنجاب ایس ایم تنویر

لاہور: 02 نومبر 2022 ( )وزیر زراعت پنجاب ایس ایم تنویر نے مزید کہا کہ پاکستان دنیا میں چاول برآمد کرنے والے ممالک میں چوتھے نمبر پر ہے۔یہ فصل ہماری غذائی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ زرمبادلہ کمانے کا اہم ذریعہ بھی ہے۔پاکستانی باسمتی چاول اپنی خوشبو اور کوالٹی کی وجہ سے پوری دنیا میں پسند کیا جاتا ہے۔موجودہ سال دھان کی برآمد سے 3 ارب ڈالرز زرمبادلہ حاصل ہوا ہے۔ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت، صنعت وتوانائی ایس ایم تنویر نے رائس ریسرچ کالا شاہ کاکو میں منعقدہ سو سالہ تقریبات سے خطاب کے دوران کیا۔انھوں نے مزید کہا کہ میں رائس ریسرچ انسٹیوٹ کالا شاہ کاکو کے زرعی سائنسدانوں کو ادارہ ہذا کے سو سال مکمل ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں جن کی بدولت آج دھان کی کاشت اور پیداوار میں اضافہ ممکن ہوا ہے۔مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی ہے کہ رائس ریسرچ انسٹیٹیوٹ کالا شاہ کاکو نے اب تک دھان کی 29 نئی اقسام دریافت کی ہیں جو اپنی غذائی خصوصیات اور خوشبو کے اعتبار سے پوری دنیا میں جانی پہچانی جاتی ہیں۔ضرورت اس امر کی ہے کہ دھان کی نئی اقسام کی دریافت موسمیاتی تبدیلیوں کے اعتبار سے جاری رکھی جائے اور کاشتکاروں کو دھان کی فصل پر اندھا دھند زہروں کے استعمال سے روکنے کیلئے فنی راہنمائی فراہم کی جائے تا کہ ہماری برآمدات میں اضافہ ہو سکے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر زراعت پنجاب ایس ایم تنویر نے کاشتکاروں سے اپیل کی کہ دھان کی باقیات کو آگ لگانے سے گریز کیا جائے کیونکہ اس سے سموگ کا سنگین مسئلہ پیدا ہوتا ہے جو ہماری نسلوں کی صحت کیلئے انتہائی خطرناک ہے۔دھان کی باقیات کی تلفی کیلئے محکمہ زراعت کے بتائے ہوئے اُصولوں پر عمل کیا جائے تا کہ ہمارا ماحول صاف رہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد ڈاکٹر اختر نے کہا کہ رائس ریسرچ انسٹیٹیوٹ کالا شاہ کاکو کے زرعی سائنسدان دھان کے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی اور نئی اقسام کی دریافت کیلئے شب و روز کام کر رہے ہیں۔یہ ادارہ دنیا میں چاول کی شہرہ آفاق قسم باسمتی 370 روشناس کرانے کے ساتھ ساتھ اب تک 29 نئی اقسام کی دریافت کر چکا ہے۔صوبہ پنجاب کی معاشی ترقی میں ادارہ ہذا کی دریافت کردہ قسم سپر باسمتی کا 20 سالانہ حصہ سے 30 ارب روپے ہے۔رائس ریسرچ انسٹیٹیورٹ کالا شاہ کاکو میں قائم لیبارٹریاں آئی ایس او 17025 ایکریڈیشن کی حامل ہیں جو دھان کی فصل پر زہروں کے مضر اثرات میں کمی کے لئے کام کر رہی ہیں۔تقریب سے چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابد محمود، چیف سائنٹسٹ رائس ریسرچ انسٹیوٹ کالا شاہ کاکو سید سلطان علی نے بھی خطاب کیا۔تقریب کے آخر میں صوبائی وزیر زراعت نے زرعی سائنسدانوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے پر شیلڈز تقسیم کیں۔

☆☆☆☆